اوپیوئڈس یعنی افیون کی قسم کے نشہ آور چیزیں - alberta.ca/opioid پر مزید جانئیے

<u>مدد کیسے حاصل کی جائے</u>

ایسے کئی وجہیں ہو سکتے ہیں کہ کسی کو منشیات کی لت کے سبب سے مدد کی ضرورت ہو، اور مدد کے کئی طریقے ہیں۔

مدد کا یہ مطلب نہیں کہ یا تو آپ یا آپ کے کسی جاننے والے کو یہ عادت چھوڑنی پڑے گی، اگریہ آپ کا یا ان کا منزلِ مقصود نہ ہوتو۔ مد د حاصل کرنے کے بارے میں سوچنے کے لیئے یہ ضروری نہیں کہ کوئی کسی اوپیوئڈس یا کسی اور منشیات کی لت کا شکار ہو۔

اگر آپ منشیات کا استعمال کرتے ہوں، تو اسے اکیلے میں استعمال نہ کریں۔ اگر اووَر ڈوز یعنی ضرورت سے زیادہ مقدار میں دوا لینے کا اندیشہ ہو تو ۹۱۱ کال کریں۔

<u>اگر آپ کو اووَر ڈوز یعنی ضرورت سے زیادہ مقدار میں دوا لینے کا اندیشہ ہو</u>

اگر آپ نے یا کسی اور نے، جس کے ساتھ آپ ہوں، منشیات کا استعمال کیا ہو اور اِن میں سے کوئی بھی علامات ہوں:

- سانس دھیرے چل رہی ہے یا بالکل ہی سانس نہیں چل رہی ہے
- نیلے ناخُن اور/ یا ہونٹ
- سانس لینے میں رکاوٹ کی وجہ سے دم گھٹنا یا الٹی کرنا
- قلقل کی آواز کرنا
- جِلد کا ٹھنڈ اور چپچپا ہونا
- جگانے پر بھی جاگ نہیں رہے ہوں---

۹۱۱ کو کال کریں

- اگر آپ کے پاس نیلوکسون نہ ہو تو، جب تک کہ ایمرجینسی دیکھ بھال نہ پہنچے، تب تک بچاؤ کی سانس دیجیئے
- اگر آپ کے پاس موجود ہو تو نیلوکسون کِٹ والا انجیکشن لگایئے یا ناک میں نارکان نیزل اسپرے کا استعمال کیجیئے
- جب تک بندہ دوبارہ سانس نہیں لیتا، تب تک بچاؤ کی سانس دیجیئے
- ایمرجینسی مدد کا انتظار کیجیئے

<u>نیلوکسون حاصل کیجیئے</u>

نیلوکسون ایک ایسی دوا ہے جو کہ عارضی طور پر اوپیوئڈز یعنی افیون کے قسم کی دواؤں، جیسا کہ فینٹانِل، کی ضرورت سے زیادہ مقدار میں کھانے کے اثر کو الٹ سکتا ہے، اگر یہ فوری طور پر دی جائے اور اس کے بعد ایمرجینسی طبّی دیکھ بھال فراہم کی جائے۔

نیلوکسون کسی کی زندگی بچا سکتا ہے۔ اگر آپ منشیات لیتے ہوں یا اگر آپ کے ارد گرد کے لوگ منشیات لیتے ہوں، تو نیلوکسون کِٹ اپنے ساتھ رکھیئے۔

©2017 Government of Alberta Published: November 2017
Alberta Government

نیلوکسون کِٹ مفت ہوتے ہیں۔ آپ کو اپنی شناخت پیش نہیں کرنی ہوتی ہے اور نہ ہی ڈاکٹر سے لکھا ہوا نسخہ پاس رکھنا ہوتا ہے۔

اپنے قریبی فارمیسی یا واک-ان کلنک میں نیلوکسون کِٹس پانے کے لیئے ۸۱۱ پر کال کیجیئے۔ یا پھر

http://www.albertahealthservices.ca/info/Page15586.aspx. پران جگہوں کے انٹر ا یکٹِو نقشے کا یعنی جواباً

اثر والے نقشےکا ملاحظہ کیجیئے۔

ایلبرٹا میں علاج معالجہ کے پروگرام اور کلنکس

اوپیوئِڈ کی لت کا علاج سرکاری کلنکس (بذریعہ ایلبرٹا ہیلٹھ سروسز) اورغیر سرکاری کلنکس میں دستیاب ہیں۔ وہ کئی درجے کے خدمات پیش کرتے ہیں، جیسا کہ میتھاڈون یا سب اوکزون اور کاؤنسلنگ یعنی طبی طور پر ماہر مشورہ جات تک پہنچ پانا۔

اوپیوئِڈ کے بارے میں اور جہاں آپ علاج کروا سکتے ہیں اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیئے، ہیلٹھ لِنک سے بات کرنے کے لیئے ۸۱۱ پر کال کریں۔

ان مقاموں کی فہرستوں اور کلکس کے لیئے مندرجہ ذیل پر جایئے:

http://www.cpsa.ca/physician-prescribing-practices/methadone-program/methadone-clinics-alberta/

تعاریفیں

اوپیوئِڈ

اوپیوئِڈز درد کو دور کرنے کی دوائیں ہیں۔ سب سے زیادہ عام قسم کے ہیں:

- کوڈین
- اوکسی کوڈون
- میتھاڈون
- ہائڈرومورفون
- فینٹانِل

اوپیوئِڈ فارماکیوٹِکل معیار کے ہو سکتے ہیں اور ڈاکٹروں اور سرجنوں کی طرف سے نسخے میں لکھے ہوئے ہو سکتے ہیں۔ نسخے والے اوپیوئِڈز آخر کار سڑکوں پر غیر قانونی فروخت کے لیئے آ پہنچ سکتے ہیں۔ انہیں دوسرے مرکب کے ساتھ "کٹ" یا ملاوٹ کیا جا سکتا ہے، بشمول فینٹانِل کے۔

فینٹانِل

فینٹانِل ایک بہت ہی تیز، بے مہک اور بے ذائقہ مصنوعی نارکوٹک ہے جو کہ مارفین کے مقابلے میں ۵۰ سے لے کر ۱۰۰۰ گنا زیادہ قوی ہے۔ جو فینٹانِل غیر قانونی طور پر نہیں ہے، اسے شدید درد کو سنبھلنے کے لیں طبی نسخے میں مخصوصاً لکھا جاتا ہے۔
غیرقانونی طور پر تیار شدہ فینٹانِل درآمد کیا جا رہا ہے، دوسرے منشیات کے ساتھ ملاوٹ کرکے، گولیوں کے طور پر بیچ کر، پوڈر کے طور پر اور دوسری دواؤں کے ساتھ ملائے ہوئے پاؤڈر کے طور پر(مثلاً کوکین،کرسٹل میتھ، وغیرہ)۔

فینٹانِل کے تین یا چار دانے ایک اوسط بالغ انسان کو مار ڈالنے کے لیئے کافی ہیں۔

کارفینٹانِل

کارنیٹانِل ایک اوپیوئِڈ منشیات ہے جو کہ،مارفین کے مقابلے میں ۱۰،۰۰۰ گنا اور فینٹانِل کے مقابلے میں ۱۰۰ گنا زیادہ قوی ہے۔ اسے انسانوں کے لیئے لائسینس یعنی اجازہ حاصل نہیں ہے، لیکن اس کا مقصد ہے ہاتھی جیسے بڑے جانوروں کو سخت تحفّظ کے تحت سلانا۔
ایک دانے سے ایک انسان کا قتل ہو سکتا ہے۔

©2017 Government of Alberta Published: November 2017